Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الاول ۱۳۳۷ھ مطابق ۳ فروری ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

رپورٹ منظور ہو۔ بنا بر علدر آمد کاغذات صاحب ریونیو سکرٹیری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بذریعہ عرض	جناب عالی	میر سامد

اکثر مستاجران، اجلاس مین آنے سے اپنی کسر شان سمجھتے ہین اور روز ایک کارندہ

یا ملازم کے ذریعہ سے اجلاسون مین درخواستین پیش کرتے ہین اور حسب اطلاع مرجوعہ کی پیروی بھی کراتے ہین لیکن جب کوئی ذمہ داری اور مستاجر کی جانب سے دستخط کرنیکا موقع آتا ہے تو کارندہ انکار کرجاتے ہین جس سے تمام فیصلہ نزاعات بیکار ہوجاتا ہے۔ اس لئے مناسب ہو کہ آئندہ کوئی مستاجر جبتک اپنے کارندہ کو پورے طور پر مجاز کرکے اجلاس مین اسکے مختارنامہ کی باضابطہ نقل نہ داخل کرے کسی کارندہ کے ذریعہ سے پیروی اور جوابدہی کرنا بند کردیا جائے۔ زیادہ حد ادب

دستخط صاحب [illegible]

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

تبدیلی

۲۵ جنوری ۱۹۱۹ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹار منشی سری رام منصرم دارالانشاء بغرض نگرانی وگشت اسٹار صیغہ نظر مین تبدیل ہوے۔

رخصت

۲۷ جنوری ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ دیوان صدر صاحب۔ رخصت پندرہ یوم جوالا پرشاد اہلمد بذمہ داری گردہاریلال محرر بضرورت شادی پسر شارٌ الیہ منظور فرمائی گئی

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ جنوری ۱۹۱۹ء

حسب پیشی تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ بذریعہ رپورٹ اجلاس از اجلاس ہمایون حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم سے عبدالعلی خان اہلمد آڈٹ مشاہرہ دار چودہ روپیہ ماہوار بعہدہ اہلمد پیشی آڈٹ مقرر کیا گیا۔ اور اس جگہ پر غلام ربانی امیدوار کا تقرر جدید سے فی الحال بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار منظور ہوا۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ جنوری لغایت یکم فروری ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۴ مار	۴ مار		۴ مار	۴.۰ مار	۴.۰ مار	تحصیل ملک سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰۵ مار	۵ مار		۵ مار	۵ مار	۵ مار	
نخود گشتہ آمیز	۵ مار	۵.۰ مار		۵ مار	۵.۰ مار	۶ مار	
گتہ	۵.۰ مار	۰		۵ مار	۶ مار	۶ مار	
ماش	۳ مار	۲.۰ مار		۳ مار	۳ مار	۳ مار	
مونگ	۲ مار	۲.۰ مار		۳ مار	۳ مار	۳ مار	
مکا	۵ مار	۵ مار		۵ مار	۵.۰ مار	۵.۰ مار	
جئی	۶ مار	۰		۰	۸ مار	۷ مار	
گوجئی	۰	۰		۰	۶ مار	۷ مار	
عدس	۵.۰ مار	۰		۶ مار	۵.۰ مار	۰	
ارہر	۵.۰ مار	۰		۰	۷ مار	۰	
برنج	۴ مار	۴ مار		۴ مار	۴.۰ مار	۴ مار	
روغن زرد	۷ چھٹانک	۰ مار		۰ مار	۰ مار	۰ مار	
روغن سیاہ	۰	۱ مار		۱ مار	۱ مار	۱ مار	
روغن کنجد	[illegible]	۱ مار		۰	۲ مار	۱ مار	
نمک سانبھر	۱۳ مار	۹ مار		۹ مار	۱۰ مار	۹ مار	
نمک لاہوری	۷ مار	۸ مار		۶ مار	۷ مار	۷ مار	
قند سیاہ	۵ مار	۵ مار		۴ مار	۵ مار	۵ مار	
باجرہ	۴ مار	۰		۴.۰ مار	۴.۰ مار	۰	